بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہل سنّت پاکستان

الشهادة الخاصه فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | پہلا پرچہ: قرآن وتجوید | کل نمبر: 100

نوٹ: القسم الاول کے دونوں سوال لازمی ہیں جبکہ القسم الثانی سے کوئی دو سوال حل کریں

سوال نمبر 1 درج ذیل آیات مبارکہ کے اجزاء میں سے کسی تین اجزاء کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں (۶۰)

(الف) وَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ مِنَ الۡکِتٰبِ وَ مُہَیۡمِنًا عَلَیۡہِ فَاحۡکُمۡ بَیۡنَہُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ وَ لَا تَتَّبِعۡ اَہۡوَآءَہُمۡ عَمَّا جَآءَکَ مِنَ الۡحَقِّ ؕ لِکُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡکُمۡ شِرۡعَۃً وَّ مِنۡہَاجًا ؕ وَ لَوۡ شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَکُمۡ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّ لٰکِنۡ لِّیَبۡلُوَکُمۡ فِیۡ مَاۤ اٰتٰىکُمۡ فَاسۡتَبِقُوا الۡخَیۡرٰتِ ؕ اِلَی اللّٰہِ مَرۡجِعُکُمۡ جَمِیۡعًا فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ فِیۡہِ تَخۡتَلِفُوۡنَ

(ب) قُلۡ لَّاۤ اَجِدُ فِیۡ مَاۤ اُوۡحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطۡعَمُہٗۤ اِلَّاۤ اَنۡ یَّکُوۡنَ مَیۡتَۃً اَوۡ دَمًا مَّسۡفُوۡحًا اَوۡ لَحۡمَ خِنۡزِیۡرٍ فَاِنَّہٗ رِجۡسٌ اَوۡ فِسۡقًا اُہِلَّ لِغَیۡرِ اللّٰہِ بِہٖ ۚ فَمَنِ اضۡطُرَّ غَیۡرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّکَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿﴾ وَ عَلَی الَّذِیۡنَ ہَادُوۡا حَرَّمۡنَا کُلَّ ذِیۡ ظُفُرٍ ۚ وَ مِنَ الۡبَقَرِ وَ الۡغَنَمِ حَرَّمۡنَا عَلَیۡہِمۡ شُحُوۡمَہُمَاۤ اِلَّا مَا حَمَلَتۡ ظُہُوۡرُہُمَاۤ اَوِ الۡحَوَایَاۤ اَوۡ مَا اخۡتَلَطَ بِعَظۡمٍ ؕ ذٰلِکَ جَزَیۡنٰہُمۡ بِبَغۡیِہِمۡ ۫ۖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ

(ج) وَ قَالُوۡا مَہۡمَا تَاۡتِنَا بِہٖ مِنۡ اٰیَۃٍ لِّتَسۡحَرَنَا بِہَا ۙ فَمَا نَحۡنُ لَکَ بِمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿﴾ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَیۡہِمُ الطُّوۡفَانَ وَ الۡجَرَادَ وَ الۡقُمَّلَ وَ الضَّفَادِعَ وَ الدَّمَ اٰیٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۟ فَاسۡتَکۡبَرُوۡا وَ کَانُوۡا قَوۡمًا مُّجۡرِمِیۡنَ ﴿﴾ وَ لَمَّا وَقَعَ عَلَیۡہِمُ الرِّجۡزُ قَالُوۡا یٰمُوۡسَی ادۡعُ لَنَا رَبَّکَ بِمَا عَہِدَ عِنۡدَکَ ۚ لَئِنۡ کَشَفۡتَ عَنَّا الرِّجۡزَ لَنُؤۡمِنَنَّ لَکَ وَ لَنُرۡسِلَنَّ مَعَکَ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ

(د) اَلَّذِیۡنَ یَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِیَّ الۡاُمِّیَّ الَّذِیۡ یَجِدُوۡنَہٗ مَکۡتُوۡبًا عِنۡدَہُمۡ فِی التَّوۡرٰىۃِ وَ الۡاِنۡجِیۡلِ ۫ یَاۡمُرُہُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَ یَنۡہٰہُمۡ عَنِ الۡمُنۡکَرِ وَ یُحِلُّ لَہُمُ الطَّیِّبٰتِ وَ یُحَرِّمُ عَلَیۡہِمُ الۡخَبٰٓئِثَ وَ یَضَعُ عَنۡہُمۡ اِصۡرَہُمۡ وَ الۡاَغۡلٰلَ الَّتِیۡ کَانَتۡ عَلَیۡہِمۡ ؕ فَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِہٖ وَ عَزَّرُوۡہُ وَ نَصَرُوۡہُ وَ اتَّبَعُوا النُّوۡرَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ مَعَہٗۤ ۙ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ

سوال نمبر 2 سورۃ المائدہ، سورۃ الانعام اور سورۃ الاعراف کی وجہ تسمیہ تحریر کریں (۱۰)

القسم الثانی ---------------- تجوید

سوال نمبر 3 درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں؟ (۱۵)

تنوین ۔ نون رسمی ۔ تسہیل ۔ تحقیق ۔صلہ

سوال نمبر 4 استعاذہ اور بسملہ کی تعریف کریں نیز وصل کل، فصل کل، فصل اول وصل ثانی اور وصل اول فصل ثانی کی تعریف بمع امثلہ تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 5 نون ساکن اور میم ساکن کے اخفاء میں فرق نیز غنے کے مواقع تحریر کریں (۱۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہل سنّت پاکستان

الشهادة الخاصه في العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴ م

وقت: 3 گھنٹے | دوسرا پرچہ: حدیث وعقائد | کل نمبر: 100

نوٹ: القسم الاول سے کوئی دوسوال اور القسم الثانی سے بھی کوئی دوسوال حل کریں

القسم الاول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حدیث شریف

سوال نمبر 1 درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں اور ہر حدیث سے معلوم ہونے والا مسئلہ واضح کریں (۳۰)

(۱) عن ابی هريرة رضی الله عنه قال، قال رسول الله ﷺ لا يفرک مؤمن مؤمنة ان کره منها خلقا رضی منها آخر۔

(۲) عن ابی هريرة رضی الله عنه قال، قال رسول الله ﷺ اکمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا وخيارکم خيارکم لنسائهم۔

(۳) عن عائشة رضی الله عنها قالت قلت يارسول الله ﷺ ان لی جادين، فالی ايهما اهدی؟ قال الی اقربهما منک بابا۔

(۴) عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله عنهما عن النبی ﷺ قال ليس الواصل بالمكافی، ولکن الواصل الذی اذا قطعت رحمه وصلها۔

(۵) عن ابن عمر رضی الله عنهما عن ابی بکر الصديق رضی الله عنه موقوفا عليه انه قال ارقبوا محمدا ﷺ فی اهل بيته۔

سوال نمبر 2 درج ذیل احادیث مقدسہ کا ترجمہ کریں نیز ہر حدیث سے ثابت ہونے والا مسئلہ لکھیں (۳۰)

(۱) عن انس رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ما اکرم شاب شيخا لسنه الا قيض الله له من يکرمه عند سنه۔

(۲) عن عمر قال انی سمعت رسول الله ﷺ يقول ان خير التابعين رجل يقال له اويس، وله والدة وکان به بياض فمروه، فليستغفر لکم

(۳) وعنه قال قال رسول الله ﷺ ان الله تعالی يقول يوم القيمة اين المتحابون بجلالی؟ اليوم اظلهم فی ظلی يوم لا ظل الا ظلی۔

(۴) عنه قال قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بيده لو لم تذنبوا الذهب الله بکم ولجاء بقوم يذنبون فيستغفر الله تعالی فيغفر له۔

(۵) عن المستورد بن شداد قال قال رسول الله ﷺ والله ما الدنيا فی الأخرة الا مثل ما يجعل احدکم اصبعه فی اليم فلينظر به يرجع۔

سوال نمبر 3 درج ذیل پانچ احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں نیز ہر ایک حدیث سے ثابت ہونے والا مسئلہ تحریر کریں (۳۰)

(۱) عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ يدخل الفقراء الجنة قبل الاغنياء بخمس مائة عام۔

(۲) عن انس رضی الله عنه قال خط النبی ﷺ خطوطا فقال هذا الانسان وهذا اجله، فبينما هو کذالک اذ جائه الخط الاقرب۔

(۳) وعنها ان النبی ﷺ قال يا عائشة ان الله رفيق يحب الرفق ويعطی علی الرفق ما لا يعطی علی العنف وما لا يعطی علی ما سواه۔

(۴) عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ من خرج من الطاعة وفارق الجماعة، ثم مات، مات ميتة جاهلية۔

(۵) عن ابی هريرة رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال انکم ستحرصون علی الامارة وستکون ندامة يوم القيامة۔

القسم الثانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔العقائد والمسائل

سوال نمبر 4 ''عنادیۃ'' ''عندیہ'' ''لاادریۃ'' کے عقیدے لکھو اور بتاؤ کہ یہ کس گروہ کی شاخیں ہیں۔ (۲۰)

سوال نمبر 5 اللہ تعالی کے بندوں سے استغاثہ اور استعانت کے جائز ہونے پر دلائل لکھو۔ (۲۰)

سوال نمبر 6 کیا اللہ کے محبوب بندوں اور صالحین سے برکت حاصل کرنا جائز ہے؟ (۲۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہل سنّت پاکستان

الشھادۃ الخاصہ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (سال اول) الموافق سنۃ ۱۴۳۵ ھجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | تیسرا پرچہ: فقہ و اصول فقہ | کل نمبر: 100

نوٹ: دونوں حصوں میں سے دو، دو سوالات کے جوابات تحریر فرمائیں

حصہ اولی ــــــــــ فقہ

سوال نمبر 1 (الف) ثم المیاہ علی خمسۃ اقسام

پانی کی اقسام خمسہ کے نام، تعریفات، مثالیں اور حکم تحریر فرمائیں (۲۰)

(ب) وضو کے ارکان، وضو کا سبب، حکم دنیوی واخروی، شروط وجوب اور شروط طہارت تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 2 (الف) حیض، نفاس، استحاضہ اور طہر کی تعریفات اور مدتیں قلم بند فرمائیں (۱۰)

(ب) تنقسم النجاسۃ الی قسمین غلیظۃ و خفیفۃ

دونوں قسموں کی تعریفات مع امثلہ اور حکم تحریر فرمائیں (۱۰)

(ج) نور الایضاح کی روشنی میں نماز کے اوقات خمسہ تحریر فرمائیں (۱۵)

سوال نمبر 3 کسی پانچ کی وضاحت فرمائیں (۳۵)

۱۔ سات مکروہات نماز ۲۔ سات مفسدات نماز ۳۔ اوقات مکروھہ ۴۔ عورتوں کیلئے فی زمانہ زیارت قبور

۵۔ روزہ کی اقسام ۶۔ مصارف زکوٰۃ ۷۔ شرائط حج ۸۔ نماز جنازہ کا حکم اور شرائط

حصہ ثانیہ ــــــــــ اصول فقہ

سوال نمبر 4 (الف) اصول فقہ کی تعریف، موضوع، غرض اور نام تحریر فرمائیں (۱۰)

(ب) خاص اور اس کی اقسام مع امثلہ تحریر فرمائیں (۵)

سوال نمبر 5 حقیقت و مجاز اور اقسام حقیقت کی تعریفات مع امثلہ قلم بند فرمائیں (۱۵)

سوال نمبر 6 کسی پانچ کی وضاحت لکھیں (۱۵)

۱۔ باعتبار ثبوت حدیث کی اقسام ۲۔ خبر واحد کن مقامات پر اعمال میں حجت ہے ۳۔ اجماع کی تعریف و اقسام ۴۔ صحت قیاس کی شرائط

۵۔ ماموراتِ شرعیہ ۶۔ رخصت اور اسکی اقسام ۷۔ حرفِ فی ۸۔ متعلقات نصوص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہل سنّت پاکستان

الشهادة الخاصه فی العلوم العربية والاسلامية (سال اول) الموافق سنة ۱۴۳۵ هجری/۲۰۱۴م

وقت: 3 گھنٹے | چوتھا پرچہ: صرف | کل نمبر: 100

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی کوئی دو حل کریں جبکہ سوال نمبر 5 کے علاوہ باقی تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں

سوال نمبر 1 (الف) تعداد حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی اقسام کتنی ہیں، تعداد، اور انکے نام بتا کر مثالیں بھی دیں اور فعل ماضی معروف کی گردان لفظ ضرب سے تحریر کریں ماضی کے کل صیغے کتنے اور کون کونسے ہیں تفصیل سے تحریر کریں اسطرح بتائیں کہ فعل مضارع کے کتنے اور کون کونسے صیغے ہیں نیز ماضی اور مضارع کے صیغوں میں اگر کوئی فرق ہے تو اسکو نمایاں کر کے تحریر کریں اور اس فرق کی وجہ بھی لکھیں (۱۵)

(ب) شش اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں (۵)

(ج) ثلاثی مجرد کے کل کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں تفصیل لکھ کر کسی ایک باب کی صرف صغیر تحریر کریں (۱۵)

سوال نمبر 2 (الف) رباعی مجرد کے ابواب تحریر کر کے انکی علامات بھی تحریر کریں اور مثال بھی دیں۔ اور علاماتِ مضارع کے مفتوح اور مضموم ہونے کے سلسلے میں ضابطہ تحریر کریں (۱۵)

(ب) امر حاضر معروف ''مُد'' کو کتنی صورتوں میں پڑھ سکتے ہیں تمام صورتیں مع امثلہ لکھیں نیز درج ذیل صیغے حل کریں (۱۵)

۱۔ کَرُمُوْا ۲۔ حَسِبْتُ ۳۔ حَمِدْنَا

(ج) علم الصیغہ میں ثلاثی مجرد کے مصادر کی تعداد کتنی بتائی گئی ہے آپ ان میں سے صرف گیارہ مصادر مع امثلہ تحریر کریں۔ نیز معتل کے قواعد میں سے کوئی ایک قاعدہ مع مثال تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 3 (الف) مہموز کے قواعد میں سے صرف اور صرف کوئی دو قاعدے مع امثلہ تحریر کریں۔ نیز درج ذیل صیغوں کے صرف شش اقسام اور ہفت اقسام بتائیں ۱۔ وَصَفَ ۲۔ خَصَّ ۳۔ یَسَرَ (۱۵)

(ب) ثلاثی مزید غیر ملحق اور ثلاثی مزید ملحق میں کیا فرق ہے نیز غیر ملحق کا دوسرا نام بھی تحریر کریں نیز درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں (۱۵)

۱۔ اسم مفعول ۲۔ اسم آلہ ۳۔ صفت مشبہ ۴۔ اسم ظرف (ج) اسم آلہ کی گردان مع اردو ترجمہ تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 4 (الف) ماضی مکسور العین ہو تو اس سے ثلاثی مجرد کے کتنے اور کون کونسے باب آتے ہیں، ابواب مع امثلہ تحریر کریں نیز لام تاکید اور لام امر کا فرق تحریر کر کے مثالیں بھی دیں (۵)

(ب) ماضی منفی کیلئے کونسا حرفِ نفی استعمال ہوتا ہے اور مضارع منفی کیلئے کونسا حرفِ نفی استعمال ہوتا ہے؟ نیز مندرجہ ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں (۱۵)

۱۔ زینب وضو کر رہی ہے ۲۔ ہندہ نے کلثوم کو مارا ۳۔ ان تمام عورتوں نے کیا ۴۔ میں نے مارا ۵۔ ہم پڑھتی ہیں

(ج) درج ذیل کے بنانے کے طریقے لکھیں (۱۵)

۱۔ ماضی ۲۔ مضارع ۳۔ امر حاضر معروف ۴۔ جمع مذکر سالم ۵۔ اسم تفضیل مذکر نیز اسم تفضیل مؤنث کی گردان لکھیں

خاصیات ابواب

سوال نمبر 5 (الف) لفظ ''خاصیات'' کا مفرد بتا کر صرفیوں کی اصطلاح میں خاصہ، خاصیت اور خصیصہ کے معانی لکھیں نیز درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات اردو میں لکھیں ۱۔ صیرورت ۲۔ طلب ۳۔ لبسِ مأخذ ۴۔ لیاقت ۵۔ حسبان ۶۔ قطع ۷۔ قصر نیز قصر کی مثال بھی دیں (۱۰)

(ب) باب، ضرب، نصر اور سمع کو ام الابواب کہنے کی وجہ لکھنے کے بعد باب فتح کا خاصہ لفظیہ لکھیں اور مثال دیں۔ نیز بتائیں کہ جس کلمہ کے عین یا لام کلمہ کی جگہ پر حرف حلقی ہو تو اسے مقالبہ کیلئے کس باب سے لایا جائیگا (۱۰)

(ج) جو افعال رنگ، عیب یا عارضی اوصاف پر دلالت کرتے ہیں وہ کس باب سے آتے ہیں صرف تین مثالیں لکھیں نیز باب مفاعلہ، باب تفعیل کے صرف دو دو خواص تحریر کر کے ھَلَّلَ کا معنی بتا کر اس کی مثال بھی دیں (۱۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہل سنّت پاکستان

الشھادۃ الخاصہ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ (سال اول) الموافق سنۃ ۱۴۳۵ ھجری/ ۲۰۱۴ م

وقت: 3 گھنٹے | پانچواں پرچہ: نحو | کل نمبر: 100

نوٹ: القسم الاول سے کوئی تین اور القسم الثانی سے کوئی دو سوالات حل کریں

القسم الاول ـــــــــــــــ تفہیم النحو

سوال نمبر 1 (الف) اسم و فعل کی تعریف ہر ایک کی پانچ پانچ علامات اور کسی ایک کی وجہ تسمیہ تحریر کریں (۱۰)

(ب) حرف کے فوئد مع امثلہ تحریر کریں (۵)

(ج) اسم معرب کی تعریف اور حکم اور اس کا دوسرا نام تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 2 (الف) جاری مجریٰ صحیح، اسماء ستہ، جمع مذکر سالم اور اسم منقوص میں سے ہر ایک کا اعراب مع امثلہ تحریر کریں (۱۰)

(ب) غیر منصرف کی تعریف و حکم تحریر کریں (۵)

(ج) عدل تحقیقی و عدل تقدیری کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 3 (الف) مرفوعات کل کتنے اور کون کونسے ہیں نیز فاعل، نائب فاعل اور مبتدا کی تعریفات تحریر کریں (۱۰)

(ب) اسم مبنی کی تعریف اور حکم تحریر کریں نیز مبنی الاصل کتنے اور کونسے ہیں (۵)

(ج) ضمیر منصوب منفصل اور مرفوع منفصل تحریر کریں (۵)

سوال نمبر 4 (الف) منصوبات کل کتنے اور کون کونسے ہیں نیز مفعول بہ، مفعول لہ اور حال کی تعریفات تحریر کریں (۱۰)

(ب) صفت اور تاکید کی تعریف تحریر کریں نیز تاکید معنوی کے الفاظ تحریر کریں؟ (۵)

(ج) معرفت، اضافت معنویہ اور مبتدا کی قسم ثانی تحریر کریں (۵)

القسم الثانی ـــــــــــــــ شرح مائۃ عامل

سوال نمبر 1 (الف) لام اور من کن حروف سے ہیں کس پر داخل ہوتے ہیں کیا عمل کرتے ہیں کتنے معنی کے لیے آتے ہیں ہر ایک کی مثال تحریر کریں (۱۰)

(ب) حروف مشبہ بالفعل کتنے ہیں کیا عمل کرتے ہیں ہر ایک کا معنی و مثال تحریر کریں (۱۰)

سوال نمبر 2 جواب قسم کی کل کتنی صورتیں ہیں تمام صورتیں مع امثلہ تحریر کریں (۲۰)

سوال نمبر 3 (الف) افعال ناقصہ کتنے ہیں اور کون کونسے ہیں کیا عمل کرتے ہیں ہر ایک کی مثال تحریر کریں (۱۰)

(ب) فعل مضارع کو نصب دینے والے کتنے اور کون سے حروف ہیں ہر ایک کی مثال مع معنی تحریر کریں (۱۰)